ڈسٹرکٹ پولیس آفس/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (523)

27.09.23

**بہاولپور (      ):12 ربیع الاول عید میلاد النبی ﷺ کے حوالے پر سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے تھے، پر امن انعقاد کے سلسلہ میں ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی مرکزی جلوس میں خصوصی شرکت ۔سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔بہترین سیکیورٹی وانتظامات پر منتظمین جلوس کا ڈی پی او بہاولپور کو خراج تحسین۔**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی فول پروف سیکیورٹی کے احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایت پر 12 ربیع الاول عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئے تھے۔اس حوالے سے ضلع بھر میں 73 جلوس نکالے گئے۔ 09 محافل میلاد منعقد ہوئیں۔جن پر 1300 سے زائد پولیس افسران واہلکاران نے ڈیوٹی سرانجام دی۔ ڈسٹرکٹ پولیس کے ساتھ ٹریفک پولیس، ایلیٹ فورس، ڈولفن اسکواڈ اور محافظ اسکواڈ ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیے۔عید میلاد النبی ﷺ کے حوالے سے نکالے جانے والے مرکزی جلوس میں ڈی پی او سید محمد عباس نے خصوصی شرکت کی۔ڈی پی او جلوس کے ساتھ چلتے ہوئے میلاد چوک تک پہنچے۔ڈی پی او نے سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران کو بریف کیا اور سیکیورٹی انتظامات مزید سخت کرنے کے بھی احکامات جاری کیے تھے۔منتظمین جلوس وشرکا نے بہترین سیکیورٹی انتظامات پر ڈی پی او کو خراج تحسین پیش کیا۔ٹریفک کو رواں دواں کرنے کے لیے ٹریفک کا علیحدہ سے ڈیوٹی پلان ترتیب دیا گیا تھا۔موجودہ ملکی صورت حال اور دہشت گردی کے واقعات کے پیش نظر جلوس ومحفل نعت کی سکیورٹی کے لیے خصوصی انتظامات کیے گئے تھے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے بچا جا سکے۔ جلوس میں شامل ہونے والے افراد کی مکمل تلاشی کی گئی۔جلوسوں میں آنے والے راستوں کو خاردار تاروں سے سیل کیا گیا تھا۔ایلیٹ فورس اور ڈولفن اسکواڈ اور محافظ اسکواڈ جلوسوں کے ارد گرد اپنی گشت جاری رکھی۔اس موقع پر پولیس لائن بہاولپور میں اضافی نفری بھی سٹینڈ ٹو رہی۔ جو کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں فوری رسپانس کرنے کیلئے تھی۔عید میلاد النبی ﷺ۔کے حوالے سے ڈی پی او آفس میں ایمرجنسی صورتحال کے پیش نظر کنٹرول روم بھی قائم کیا گیا تھا۔ڈی پی او نے بہترین ڈیوٹی سرانجام دینے پر پولیس فورس اور تمام یونٹس کو شاباش دی۔

ترجمان بہاولپور پولیس



**بہاولپور:12 ربیع الاول عید میلاد النبی ﷺ کے حوالے پر سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے تھے پر امن انعقاد کے سلسلہ میں ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی مرکزی جلوس میں خصوصی شرکت**